نیوز ریلیز

سفارتخانہ ریاستہائے متحدہ امریکہ۔ اسلام آباد، پاکستان

رابطہ: البرٹو راڈریگیز

ترجمان

فون: 0300-501-2640

2 مارچ 2011ء

برائے فوری اجراء

046/2010

وزیر خارجہ ہیلری کلنٹن کا پاکستان کے وفاقی وزیر برائے اقلیتی امور شہباز بھٹی کے قتل پر بیان

واشنگٹن (2 مارچ 2011ء) میں پاکستان کے وفاقی وزیر برائے اقلیتی امور شہباز بھٹی کے قتل پر صدمے اور غم وغصہ کی کیفیت میں ہوں۔ یہ حملہ نا صرف فرد واحد پر تھا بلکہ تمام مذاہب اور پس منظر کے حامل لوگوں کیلئے رواداری اور احترام کی اقدار پر تھا جن کے بانی پاکستان محمد علی جناح زبردست چمپئن تھے۔

مجھے حال ہی میں شہباز بھٹی سے ملاقات کا موقع ملا۔ وہ ایک محبّ وطن، حوصلہ منداور بااعتماد شخص تھے۔ انہیں پاکستان کی فکر تھی اور انہوں نے اپنی زندگی دنیا میں پسماندہ ترین لوگوں کی مدد کرنے کیلئے وقف کر رکھی تھی۔ میری دلی ہمدردیاں ان کے خاندان اور ان کے احباب کے ساتھ ہیں۔

امریکہ پاکستانی حکومت اور عوام کے ساتھ مل کر سب کے مستحکم اور خوشحال مستقبل کیلئے کام کرتا رہے گا۔ وہ مستقبل جس میں متشدد انتہا پسند روادری اور امن کی آوازوں کو خاموش نہ کر سکیں۔

###

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کیلئے ہماری ویب سائٹ http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔